© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات ان کی

ساغر اقبالی

☆ کرپشن سب کا حق ہے۔ مساوات قائم کی جائے۔ (وفاقی وزیر عبدالقیوم جتوئی)

کرپشن میں ”مساوات“ کا تصور دنیا میں پہلی مرتبہ متعارف ہوا ہے۔

☆ ہمیں کوئی نہیں نکال سکتا۔ (وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی)

ذوالفقار علی بھٹو نے بھی کہا تھا: ”میری کرسی بہت مضبوط ہے۔“

☆ امریکی حکام کی بدتمیزی۔ پاک فوج کے وفد نے دورہ منسوخ کر دیا۔ (ایک خبر)

سیاستدانوں سے تو فوجی زیادہ غیرت مند نکلے۔

☆ وزیر اعظم کے ہاؤس کے سامنے خود سوزی کرنے والا بے روزگار شخص دم توڑ گیا۔ (ایک خبر)

بے نظیر انکم سپورٹ کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت

☆ عافیہ صدیقی کو ۸۶ سال قید کی سزا (ایک خبر)

یہ دنیا ان چراغوں کے دھوئیں سے آج روشن ہے
جو بجھتے ہیں مگر تیرگی کو مار دیتے ہیں

☆ کچھ ہوا تو ہم اکیلے نہیں، سب گھر جائیں گے۔ (وزیر اعظم گیلانی)

جانے والوں کو کہاں روک سکا ہے کوئی
تم چلے ہو تو کوئی روکنے والا بھی نہیں

☆ مشرف نے استعفیٰ دیا تو معاہدے پر سعودیہ، یو اے ای، برطانیہ امریکہ نے گارنٹی دی۔ (شیر افگن)

بڑے مجرموں کو معاف کرنے والی قومیں تباہ ہوتی آئی ہیں۔

☆ وفاقی حکومت کالے بکرے کے طور پر، بابر اعوان کی قربانی دے تو سر سے بلا ٹل سکتی ہے۔ (رانا ثناء اللہ)

یہ بلائیں کالے بکروں سے ٹلنے والی نہیں۔ بلکہ وفاقی حکومت کی حلیف صوبائی حکومت بھی لے ڈوبیں گے۔



© rasailojaraid.com